یہ رسالہ ۱۹۲۵ء میں طبع ہوا تھا۔ پھر مدتِ مدید سے ناپید چلا آ رہا تھا۔ چنانچہ اب مولانا محمد یوسف صاحب مہتمم دارالحدیث راجووال نے اس کی اشاعت کا فریضہ انجام دیا اور بطریقِ احسن اس کو نبھایا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ان کا یہ کارنامہ ان کے لئے بہترین سرمایۂ آخرت ثابت ہوگا۔ ان شاء اللہ!

نام کتاب . . . . . اسلامی حدود اور ان کا فلسفہ مع اسلام کا نظامِ احتساب

ترتیب و تحقیق . . . . . مولانا سید محمد متین صاحب ہاشمی ایم۔ اے

ضخامت . . . . . ۔۔۔ صفحات (کتابی سائز) (کتابت و طباعت عمدہ، سفید کاغذ)

قیمت . . . . . چھ روپے

ناشر . . . . . مرکزِ تحقیق۔ دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری نسبت روڈ۔ لاہور

آجکل کی سیاست میں نظامِ مصطفےٰ کا دور دورہ ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اسلامی حدود و تعزیرات کے سلسلے میں کافی اضطراب بھی پایا جاتا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ بعض لوگ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت یہ پروپیگنڈہ کرنے میں مصروف ہیں کہ یہ سزائیں انتہائی ظالمانہ ہیں، وحشیانہ ہیں۔ وغیرہ —— مقصد یہ ہے کہ اس خطۂ ارضی میں اسلامی نظام کا نفاذ کبھی نہ ہو سکے۔ چنانچہ ضرورت تھی کہ نہ صرف غلط فہمیوں کا ازالہ ہو بلکہ لوگوں کو یہ بتایا جائے کہ اسلام کا نظامِ تعزیرات بھی بجائے خود اتنی بڑی رحمت ہے کہ دنیا کا کوئی دوسرا نظام اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ مولانا ہاشمی کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے کہ یہ کتاب لکھ کر انہوں نے اس شدید وقتی ضرورت کو پورا کرنے کی سعی فرمائی ہے۔

نام رسالہ . . . . . تحفۂ محرم الحرام کی پیشکش

تالیف . . . . . حکیم محمد یعقوب اجملی

ضخامت . . . . . ۳۲ صفحات ۱۸×۲۲/۸ (کاغذ سفید، کتابت و طباعت عمدہ)

قیمت . . . . . ۲ روپے

ناشر . . . . . مرکز تحقیقات ڈرگ کالونی کراچی۔ ۲۵

اسلامی سال کے سب سے پہلے مبارک مہینہ کی حرمت کو نظر انداز کر کے اور اسے سوگ کا مہینہ قرار دیکر سن ہجری کی لوح کو مجروح کر دیا گیا ہے اور اس مہینہ میں ایسے ایسے خرافات ایجاد کر دیئے گئے ہیں کہ مسلمان تو مسلمان، کافر و مشرک تک شرما جائیں۔